9 ۔ چغل خور

شفیع عقیل

خلاصہ

شفیع عقیل اُردو کے مشہور ادیب تھے۔اُن کا زیادہ تر کام لوک داستانوں پر مشتمل ہے۔سبق "چغل خور" میں انہوں نے چغل خوری کی فتنہ پروری کو اُجاگر کیا ہے۔

پرانے زمانے کی بات ہے کہ کسی گاؤں میں ایک چغل خور رہتا تھا۔اس نے اپنی اس عادت سے جان چھڑانے کی بہت کوشش کی مگر کامیاب نہ ہو سکا۔چغل خوری کی ہی وجہ سے اسے ملازمت سے ہاتھ دھونے پڑے اور کسی بھی جگہ اسے نوکری یا مزدوری نہ ملی کیونکہ گاؤں کے لوگ اس کی بُری عادت سے واقف تھے۔ہر طرف سے مایوس ہو کر اس نے یہ گاؤں ہی چھوڑ دیا تاکہ کسی دوسرے گاؤں یا شہر میں جا کر محنت مزدوری کر کے اپنا پیٹ پالے۔

جب وہ دوسرے گاؤں پہنچا تو اُسے امید کی کرن نظر آئی کیونکہ یہاں پر اُسے کوئی نہیں جانتا تھا۔وہ ایک کسان کے پاس گیا اور اس سے نوکری کی درخواست کی۔کسان کو بھی ملازم کی ضرورت تھی، کسان کے پوچھنے پر چغل خور نے بتایا کہ وہ روٹی اور کپڑے کے ساتھ چھ ماہ بعد اس کی ایک چغلی کھائے گا۔کسان نے خوش ہو کر شرط قبول کر لی اور اسے ایک مفت کا ملازم مل گیا۔

چغل خور کو جب کسان کے ہاں ملازم ہوئے چھ ماہ گزر گئے تو اس کا دل چغلی کھانے کو چاہنے لگا۔ایک روز وہ کسان کی بیوی کے پاس گیا اور بتایا کہ تمہارا خاوند کوڑھی ہو گیا ہے اور اگر یقین نہ آئے تو اس کے جسم کو چاٹ کر دیکھ لینا کیونکہ کوڑھی کا جسم نمکین ہوتا ہے۔پھر وہ کسان کے پاس کھیتوں میں گیا اور کہا کہ تمہاری بیوی پاگل ہو گئی ہے اور آدمیوں کو کاٹتی پھرتی ہے اگر یقین نہ آئے تو کل جب کھانا لے کر آئے تو دیکھ لینا۔پھر وہ کسان کے سالوں کے پاس پہنچا اور کہا کہ کسان تمہاری بہن کو بہت مارتا ہے، تمہاری بہن شرم کے مارے تمہیں بتاتی نہیں ہے۔اگر خود آنکھوں سے دیکھنا ہو تو کل دوپہر کو کھیتوں میں آکر دیکھ لینا۔چغل خور وہاں سے سیدھا کسان کے بھائیوں کے پاس پہنچا اور کہا کہ تمہارا بھائی سخت مصیبت میں گرفتار ہے اس کے سالے ہر چوتھے روز آکر اسے خوب مارتے ہیں اور یقین دلانے کے لیے کہا کہ کل دوپہر کو کھیتوں میں آکر دیکھ لینا کہ کسان کے سالے اس سے کیسا سلوک کرتے ہیں۔اس طرح چغل خور سب سے کہہ کر واپس اپنے کام میں مصروف ہو گیا۔

دوسرے روز دوپہر کو جب کسان کی بیوی کھانا لے کر کھیتوں میں آئی اور قریب ہو کر کسان کی کلائی پکڑی اور چاٹنے کے لیے منہ آگے بڑھایا کسان اچھل کر دور ہٹ گیا۔کسان کی بیوی جونہی آگے بڑھنے لگی تو کسان کو یقین ہو گیا کہ یہ پاگل ہو گئی ہے اور کاٹتی پھرتی ہے۔کسان نے جوتے سے پٹائی شروع کر دی۔اسی دوران کھیت میں چھپے ہوئے کسان کے سالے باہر آئے اور کسان پر ٹوٹ پڑے۔اسی منظر کو دیکھ کر دوسرے کھیت سے کسان کے بھائی برآمد ہوئے اور زوروں کی لڑائی شروع ہو گئی یہاں تک کہ سب خون میں نہا گئے۔آخر کار ساتھ والے کھیتوں میں کام کرنے والے لوگ بھاگ کر آئے اور بیچ بچاؤ کر کے پوچھا کہ تم یوں ایک دوسرے سے کیوں لڑ رہے ہو تو سب نے اپنی اپنی بات بتا دی۔معلوم ہوا کہ یہ سب چغل خور

کی وجہ سے ہوا ہے۔ چغل خور کو ڈھونڈا گیا لیکن چغل خور گاؤں چھوڑ کر جا چکا تھا۔ آج ہر چغل خور، چغل خور کہنے پر ناراض ہو جاتا ہے کیونکہ اسے ڈر ہے کہ اس نے یہ بات تسلیم کر لی تو کسان کے سالے اور بھائی اسے چھوڑیں گے نہیں۔

مشق

1-سوالات کے مختصر جوابات

(الف) کسان نے چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

جواب: کسان نے چغل خور کو ان شرائط پر ملازم رکھا کہ چغل خور تنخواہ نہیں لے گا، صرف روٹی اور کپڑا لے گا اور چھ ماہ بعد وہ کسان کی چغلی کھائے گا۔

(ب) چغل خور نے کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

جواب: چغل خور نے کسان کی بیوی سے کہا کہ اس کا خاوند یعنی کسان کوڑھی ہو گیا ہے۔ اگر یقین نہ ہو تو چاٹ کر دیکھ لے کیوں کہ کوڑھی کا جسم نمکین ہوتا ہے۔

(ج) ہر چغل خور کس بات کو ماننے سے انکار کرتا ہے؟

جواب: ہر چغل خور یہ ماننے سے انکار کرتا ہے کہ وہ چغل خور ہے۔ ہر چغل خور، چغل خور کہنے پر ناراض ہو جاتا ہے۔

(د) چغل خور کو اپنی بُری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

جواب: چغل خور کو اپنی بری عادت کی وجہ سے نوکری سے ہاتھ دھونے پڑے اور بعد میں کوئی اسے ملازم رکھنے پر تیار نہ ہوا آخر اسے اپنا گاؤں چھوڑ کر دوسرے گاؤں جانا پڑا۔

2-لوک کہانی کی مختصر تعریف کیجیے۔

جواب: لوک کہانی کسی معاشرے، تہذیب اور زبان کا قیمتی سرمایہ ہوتی ہے۔ ان کہانیوں کے مصنف کا کسی کو اتہ پتہ نہیں ہوتا۔ یہ کہانیاں سینہ بہ سینہ ایک نسل سے دوسری نسل میں منتقل ہوتی رہتی ہیں۔ ان کے ذریعے سے محبت ایثار، خلوص، دوستی اور بہادری جیسی صفات معاشرے میں پروان چڑھتی ہیں۔

3-سبق "چغل خور" کے متن کو سامنے رکھ کر درست جوابات کی نشاندہی کریں۔

(الف) سبق "چغل خور" مصنف کی کس کتاب سے ماخوذ ہے؟

(الف) ✓ پنجابی لوک داستانیں　(ب) چینی لوک داستانیں　(ج) پنجاب کی لوک کہانیاں　(د) جاپانی لوک کہانیاں

(ب) چغل خور کہاں رہتا تھا؟

(الف) ✓ گاؤں　(ب) قصبے　(ج) شہر　(د) بیرون ملک

(ج) اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟

(الف) ✓ دوسرے گاؤں　(ب) شہر　(ج) بڑے قصبے　(د) دبئی